# 142683 - تین موثوقہ طلاق کے بعد بیوی سے رجوع کرنا چاہتا ہے

**سوال**

میں نے اپنی مرضی کے خلاف والد صاحب کے دباؤ کے تحت شادی کی تھی، اور ايك برس بعد میں نے لیٹر اور اسٹام کے ذریعہ بیوی کو طلاق دے دی جس میں بائن کبری بیان کیا گیا تھا، اور اس کے ساتھ مہر کی رقم کا چیك بھی بھجا، اور طلاق کے دو ماہ بعد میں نے پھر دوبارہ طلاق بائن رجسٹری کر دی.

اس دن سے آج تك میں اپنی بہت ہی بری حالت محسوس کر رہا ہوں میں نے جو اقدام کیا ہے وہ صحیح نہ تھا، اور میں دوبارہ بیوی سے رجوع کرنا چاہتا ہوں، برائے مہربانی مجھے یہ بتائیں کہ کیا بیوی کو دوبارہ واپس لانے کے لیے کوئی حل ہے وہ ابھی تك غیر شادی شدہ ہے اور اپنے والدین کے ساتھ ہی رہتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اگر آپ نے بیوی کو بائن کبری طلاق دی ہے اور شرعی عدالت سے اس کی توثیق بھی کرائی ہے تو آپ کے لیے بیوی اس وقت تك حلال نہیں جب تك وہ کسی اور سے نکاح نہ کر لے اور یہ نکاح رغبت ہونا چاہیے، نکاح حلالہ نہیں، پھر اگر وہ شخص فوت ہو جائے یا اسے اپنی مرضی سے طلاق دے دے تو وہ آپ کے لیے حلال ہو جائیگی.

مزید آپ سوال نمبر (109245 ) کے جواب کا مطالعہ ضرور کریں.

واللہ اعلم .